سوال

(478)احناف کے نزدیک نماز کی نیت زبان سے فرض ہے یا غیر فرض

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

احناف کے نزدیک نماز کی نیت زبان سے فرض ہے یا غیر فرض ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ احناف سے پوچھیں ، ہمیں تو اتنا معلوم ہے کہ زبان سے نیت کرنا نہ لغت ہے نہ شریعت ۔ کیونکہ نیت کی تعریف کی گئی ہے ۔
(الارادة المتوجهة نحو الفعل لا بتغاء مرضاة اللہ وامتثال حکمه) (فتح الباری)
''اللہ کے حکم پر عمل کرنے کے لیے اوراس کی رضا تلاش کرنے کے لیے کسی کام کی طرف توجہ کا مرکوز ہونا''
اور معلوم ہے کہ ارادہ دل کے ساتھ ہوتا ہے نہ کہ زبان کے ساتھ ۔

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1

محدث فتویٰ